11055-کاغذوں کو پانی میں ڈبو کر پانی پینا

سوال

سوال : زعفران والے پانی پر دم کرنا، پھر اس میں کاغذوں کو ڈبو کر خشک کر کے محفوظ کرلینا، اور پھر ضرورت پڑنے پر ان کاغذوں کو پانی میں ڈال کر پانی نوش کرنے کا کیا حکم ہے ؟

پسندیدہ جواب

زعفران والے پانی پر دم کرنا، اور پھر اس میں کاغذوں کو ڈبو کر لوگوں کے سامنے فروخت کیلیئے پیش کرنا، تاکہ لوگ ان کے ذریعے شفایابی پائیں، یہ عمل جائز نہیں ہے، ایسے عمل سے روکنا ضروری ہے؛ کیونکہ اس میں حیلہ سے لوگوں کے مال کو باطل طریقے سے کھایا جاتا ہے، اور نہ ہی اس شرعی دم میں اسکا شمار ہوسکتا ہے جسے اہل علم نے شرعی طور پر جائز کہا ہے؛ یعنی : ایک کاغذ یا کسی بھی پاک چیز پر صاف انداز سے آیت لکھی جائے، اور پھر اسے پانی میں گھول کر پی لیا جائے"

واللہ اعلم.